SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ ۲۰۱۴

# SINDH ACT NO.XVII OF 2014

# سندھ مالیاتی ایکٹ، ۲۰۱۴

# THE SINDH FINANCE ACT, 2014

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲. ۲۰۱۰ کے سندھ مالیاتی ایکٹ XIII کی ترمیم

Amendment of Sindh Finance Act XIII of 2010

۳. ۱۸۹۹ کے اسٹیمپ ایکٹ نمبر II کی ترمیم

Amendment of Stamp Act No.II of 1899

۴. ۲۰۱۱ کے سندھ ایکٹ نمبر XII کی ترمیم

Amendment of Sindh Act No.XII of 2011

# سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ ۲۰۱۴

# SINDH ACT NO.XVII OF 2014

# سندھ مالیاتی ایکٹ، ۲۰۱۴

# THE SINDH FINANCE ACT, 2014

[۸جولائی۲۰۱۴]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے کے اندر کچھ ٹیکس اور ڈیوٹیز ترتیب دی، لگائی اور ان میں اضافہ کیا جائے گا اور سندھ صوبے میں کچھ قوانین میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبے کے اندر کچھ ٹیکسز، اور ڈیوٹیز میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ مالیاتی ایکٹ، ۲۰۱۴ کہا جائے گا۔

(۲) یہ پہلی جولائی ۲۰۱۴ پر اور اس کے بعد لاگو ہو گا۔

۲۰۱۰ کے سندھ مالیاتی ایکٹ XIII کی ترمیم
Amendment of Sindh Finance Act XIII of 2010

۲. سندھ مالیاتی ایکٹ، ۲۰۱۰ کی دفعہ ۴ میں؛

(i) ذیلی دفعہ (۲) میں شق (i) کے بعد مندرجہ ذیل شقوں کا اضافہ کیا جائے گا:-

"(j) مارکیٹ نرخ" سے مراد جائیداد کے مناسب نرخ بورڈ آف روینیو سندھ کی طرف سے نوٹی فائی کی گئی اتھارٹی کی طرف سے فنانس ڈیپارٹمنٹ کی مشاورت سے طے کیئے جائیں گے، بشرطیکہ ایسے

مارکیٹ نرخ ویلیوئشن ٹیبل میں گنائے گئے نرخ سے کم نہیں ہوں گے؛

"(k) رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ" سے مراد سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے رجسٹرڈ شدہ رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ؛

"(i) ویلیویشن ٹیبل" سے مراد اسٹیمپ ایکٹ، ۱۸۹۹ (۱۸۹۹ کا ایکٹ نمبر II) کی دفعہ A-27 کے تحت بیان کی گئی ویلیویشن ٹیبل؛

"(ii) ذیلی دفعہ (۳) میں، آئٹم نمبر A(i), B(i), C(i) کے کالم ۲ میں، الفاظ "ریکارڈنگ کیئے گئے" کے لیئے لفظ ریکارڈ کیئے گئے یا ویلیوشن ٹیبل کے مطابق جو زائد ہو؛ تبدیل کیا جائے گا۔

"(iii) ذیلی دفعہ ۸ کے بعد مندرجہ ذیل نئ ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی؛

"(۹) جب تک کچھ اس ایکٹ میں شامل نہ ہو، تمام جائیداد کے لیئے کیپٹل ویلیو ٹیکس رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ کی طرف اور اس کی طرف منتقل ہونے والی جائیداد مارکیٹ نرخ پر ایک فی صد کے حساب سے چارج کی جائے گی۔

(۱۰) رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ کو یا اس سے منتقل ہونے والی تمام جائیدادوں کے لیئے جائیداد کے مارکیٹ نرخ کے 0.5 فی صد کے برابر رجسٹریشن فیس وصول کی جائے گی۔

۱۸۹۹ کے اسٹیمپ ایکٹ نمبر II کی ترمیم

Amendment of Stamp Act No.II of 1899

۳. اسٹمپ ایکٹ، ۱۸۹۹ میں، سندھ صوبے میں نافذ کرنے کے لیئے شیڈول میں؛

(a) آرٹیکل ۲ کے کالم ۲ میں لفظ "بیس کے

(b) لیئے لفظ پچاس متبادل ہو گا"

(c) آرٹیکل ۳ کی شقوں (a), (b), (c) اور (d) میں، کالم ۲ میں الفاظ دو دو، ایک اور ایک کے لیئے لفظ "پانچ، پانچ، پانچ اور دو" ترتیب وار

متبادل ہوں گے؛

(d) آرٹیکل ۴ کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہونگے؛

۲۰۱۱ کے سندھ ایکٹ نمبر XII کی ترمیم
Amendment of Sindh Act No.XII of 2011

۴. ڈولپر، بلڈر، کوآپریٹو سوسائٹی، ہائوسنگ سوسائٹی اور ہائوسنگ اتھارٹی یا کسی دوسری بورڈ یا تنظیم کی طرف سے لیز سے پہلے جاری کی گئی الاٹمنٹ آرڈ یا الاٹمنٹ کی منتقلی؛

A- کھلے ہوئے پلاٹوں کے سلسلے میں:-

(i) رہائشی پلاٹس۔

| | | |
|---|---|---|
| (a) | ۳۹۹ اسکوائر گز تک | دس روپے فی اسکوائر گز |
| (b) | ۴۰۰ اسکوائر گز یا اس سے زائد | تیس روپے فی اسکوائر گز |
| (ii) | کمرشل پلاٹس | چالیس روپے فی اسکوائر گز |
| (iii) | صنعتی پلاٹس | بیس روپے فی اسکوائر گز |

B- بلٹ اپ پراپرٹی کے سلسلے میں:-

| | | |
|---|---|---|
| (i) | رہائشی گھر | دس روپے فی اسکوائر فٹ |
| (ii) | رہائشی فلیٹ | پانچ روپے فی اسکوائر فٹ |
| (iii) | کمرشل آفیسز / احاطے | پندرہ روپے فی اسکوائر فٹ |
| (iv) | صنعتی یونٹس / فیکٹریز | پندرہ روپے فی اسکوائر فٹ |

(d) آرٹیکل ٦ کے کالم ۲ میں لفظ "پچاس" کے لیئے لفظ "ایک سو" متبادل ہوگا؛

(e) آرٹیکل ۹ میں، کالم ۲ میں داخلہ کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا؛

"تین سو روپے"

(f) آرٹیکل ۱۰ کی شق (A) کے کالم ۲ میں لفظ "دو" کے لیئے لفظ "پانچ" متبادل

ہو گا؛

(g) آرٹیکل ۵ کی شق (a) میں، کالم 1 میں الفاظ "انجنیئرنگ کنسلٹنسی" کے لیئے لفظ یا کوئی دوسری خدمات متبادل ہوں گی؛

(h) آرٹیکل ۱۷ کے کالم ۲ میں لفظ "دو" کے لیئے لفظ "پانچ" متبادل ہو گا؛

(i) آرٹیکل ۲۰ کے کالم 1 اور ۲ میں داخلائوں کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہونگے؛

سٹیلمنٹ نہ ہونے کی صورت میں تحفے کا دستاویز (نمبر ۳۰) یا وصیت یا منتقلی نمبر ۳۱)

| | |
|---|---|
| (i) شریک حیات، والد، والدہ، بیٹا، بیٹی، دادا، نانا، پوتے، نواسے، بھائی اور بہن کے مابین کیئے گئے۔ | کنوینس No. 16-A (iii) پر لگانے لائق ڈیوٹی کا ایک حصے کا پانچواں حصہ۔ |
| (ii) اوپر سے زائد | کنوینس No. 16-A (iii) لگانے لائق وہی ڈیوٹی۔ |

(j) آرٹیکل ۲۱ کی شق (i) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوں گے؛

| | |
|---|---|
| "(i) جہاں کھلے پلاٹس پر لیز، فلیٹس، دوکانوں، دفاتر، ٹائون ہاوئسز اور بنگلے کے سلسلے میں تقسیم شدہ حصے کے حق کے ساتھ یا دوسری صورت میں پلاٹ جہاں ویلیوشن ٹیبل کے تحت اس کے نرخ طے کیئے گئے ہوں۔ | ویلیوشن ٹیبل کے تحت ایک فی صد |

(k) آرٹیکل ۲۱ کی شق (ii) کے کالم 1 میں الفاظ "کے سلسلے میں" کے لیئے

الفاظ "کھلے ہوئے یا" شامل کیئے جائیں گے اور کالم ۲ میں الفاظ "تین" کے لیئے الفاظ "دو" متبادل ہوں گے؛

(l) آرٹیکل ۲۲ کے کالم میں الفاظ " ایک سو"، "دوسو" اور "پانچ سو" کے لیئے الفاظ "چار سو" اور "ایک ہزار" ترتیب وار متبادل ہوں گے؛

(m) آرٹیکل ۲۹ کے کالم ۲ میں عدد "1" کے لیئے عدد "۲" متبادل ہو گا؛

(n) آرٹیکل ۳۰ کی شق (ii) کے کالم ۲ میں الفاظ "دفعہ 27-A اور 27-B کے تحت" کے بعد لفظ یا سٹلڈ منقولہ جائیداد کے نرخ کا پانچواں حصہ" شامل کیئے جائیں گے۔

۴۔ سندھ خدمات پر سیلز ٹیکس ایکٹ، ۲۰۱۱ میں،

(i) دفعہ ۲ میں؛

(a) شق (۲۰) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی، یعنی؛

"(20A) "کال سینٹر" سے مراد ایک انتظامیہ جو ٹیلی فون، فیمائل لائیو سپورٹ سوفٹ وئیر، سوشل میڈیا اور ای میل کے ذریعے درخواستیں وصول کرنے یا بھیجنے کی خدمات فراہم کرتی ہو یا پیشکش کرتی ہو یا پھر چاہے وہ پروڈکٹ سپورٹ یا کسی شخص کی کاروباری مدد یا گاہکوں کی طرف سے جانچ پڑتال کی معلومات کے لیئے یا ٹیلی مارکیٹنگ، عطیات اور سبسکرپشنز کی سولیٹنگ، قرض کی وصولی، مارکیٹ ریسرچ یا اس قسم کی دوسری خدمات کے لیئے؛

(20B) " کار یا آٹو موبائل ڈیلر" کسی بھی نام سے ہو، سے مراد ایک شخص جو خرید فروخت، منتقلی، مارکیٹنگ یا کاروں اور آٹو موبائلز کی بکنگ، پھر چاہے وہ امپورٹیڈ ہوں یا مقامی طور پر اسیمبلڈ یا مقامی طور پر بنی ہوئی، بشمول نئی، پرانی اور استعمال شدہ کار یا آٹو موبائلز کی؛

(20C) ”کار یا آٹو موبائل واشنگ یا ویسی ہی سروس اسٹیشن“ سے مراد ایک سروس اسٹیشن یا سروس سینٹر یا ایک اسٹبلشمنٹ جو کاروں یا آٹو موبائیلز کی مرمت کے سلسلے میں خدمات فراہم کرے یا پیش کرے، بشمول جانچ پڑتال کی خدمات، تفصیلات، دھونے، صاف کرنے، پالش کرنے، ویکنگ، آئل کوٹنگ، سبر یکٹنگ، ٹیوننگ، تیل، فلٹرز اور پلگز ڈینٹنگ، پینٹنگ، مرمت کرنا اور دوسری اس قسم کی خدمات فراہم کرنا اور پیش کرانے کی(b) شق (۳۹) کے بعد مندرجہ ذیل شق شامل کی جائے گی، یعنی؛

”(39A) ”ایکسچینج“ سے وہی مراد ہے جیسا کہ اس کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس ۱۹۶۹ (۱۹۶۹ کے آرڈیننس نمبرXVI) کی دفعہ ۲ کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (da) میں ہے۔

(c) شق (۴۲) کے بعد مندرجہ ذیل شق شامل کی جائے گی، یعنی؛

”(42A) ”فیشن ڈیزائنر“ سے مراد ایک جو نظریاتی، آئوٹ لائننگ، نمونے بنانے اور کپڑوں کے لیئے نمونے اور طریقے تیار کرنے، کپڑوں، گارمنٹس، لباس سے متعلق زیورات، فٹ ویئرز یا اس سے متعلقہ یا ایسی فیشن ڈیزائنگ سے ملتے جلتے کاموں سے متعلقہ معاشی سرگرمیوں سمیت فیشن ڈیزائننگ کی خدمات فراہم یا پیش کرتا ہو؛

(d) شق (۴۷) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی، یعنی؛

”(47A) ” فیومگیشن سروسز“ سے مراد ایک شخص کی طرف سے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی خدمات کیڑوں اور کیڑوں پر ضابطہ لانے کے سلسلے میں، جس میں شامل ہے وہ خدمات جو احاطوں، عمارتوں، فیکٹریاں اور کامپلیکسز، بشمول کمرشل کامپلیکسز، شاپنگ کامپلیکسز، آفس کامپلیکسز، اپارٹمنٹ یا رہائش کامپلیکسز، ملٹی کامپلیکسز، نمائشی مراکز، رہائشی، کاروباری،

آفیسز اور کمرشل اشیاء کے لیئے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی خدمات، لیکن جس میں وفاقی حکومت شامل نہیں ہوں گی، صوبائی حکومت، مکانی حکومت یا کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی پبلک ہیلتھ سروسز اور زراعت، ہارٹیکلچر، اینمل ہسبنڈری اور ڈیری فارمنگ کے سلسلے میں فراہم کی جانے والی خدمات؛

(47B)"فنڈ اور اثاثوں کے انتظام کے خدمات" جس میں شامل ہے اثاثوں کا انتظام، جمع پونجی کا انتظام اور فنڈ کی تمام اقسام کے لیئے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی تمام خدمات؛

(e) شق (۵۴) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گے، یعنی؛

" (54)"انٹریئر ریکوریٹر" سے مراد ایک شخص جو واسطہ یا بالواسطہ کوئی مشورہ، تجویز، فنی مدد یا کسی دوسرے معاملے میں، منصوبے بندی، ڈیزائن، بناوء سنگھار، زیورات، آرنیشن، سجاوٹ یا اندرونی اور بیرونی جگہ پھر چاہے وہ ہاتھ سے بنی ہوئی ہو یا دوسرے طریقے جس میں شامل یا دوسرے طریقے جس میں شامل ہے لینڈ اسکیپ ڈزائیز، کسی بھی فرنشنگ سے متعلقہ خدمات فراہم یا پیش کر رہا ہو؛

(f) شق (۵۵) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی؛یعنی

"(55A) "لیبر اور مین پاور سروسز" جس میں شامل ہے ایک شخص کی طرف سے دوسرے شخص کو فراہم کردہ یا پیش کردہ خدمات، کسی شخص یا فرد، ملازمت پر رکھے ہوئے، تنخواہ کی خدمات کے استعمال کے لیئے یا جو اس کی طرف سے فراہم کی جائیں؛

(55B)"لانڈریز اور ڈرائی کلینرز" سے مراد ایک جو دوسرے شخص کو دھونے، استری کرنے، داغ ہٹانے، وارننگ یا کسی بھی قسم کے کپڑوں، رفر، یا

اس قسم کے [مڑے کے سامان مثلاً اپیر نز، کپڑے، گارمنٹس، فلور کورنگس، کرٹنز، ڈریپرز، لائنز، بیڈ وئیرز اور اس سے متعلقہ سامان کی خدمات فراہم کرتا ہو یا پیش کش کرتا ہو؛"

(g) شق (۵۶) کے بعد مندرجہ ذیل شقین شامل کی جائیں گی، یعنی،

"(56A) "مرمت یا صفائی کی خدمات" سے مراد وہ خدمات جو مرمت، مینٹنس اور صفائی سے متعلق فراہم کی جائے یا پیش کش کی جاتی ہو، بشمول اسپشلائزڈ کلیننگ سروسز مثلاً انفکیئنگ، ایکسٹر سیٹنگ یا اسٹر والائیزنگ؛

(i) آفس کا سامان، عمارات، کمرشل یا صنعتی بلڈنگ اور اس سے منسلک احاطے وغیرہ؛

(ii) کمرشل کمپلیکسز بشمول ملٹی پلیکسز، شاپنگ کمپلیکسز، آفس کمپلیکسز، نمائشی مراکز، اپارٹمنٹس یا رہائشی کمپلیکسز؛ اور

(iii) فیکٹریز، اور پلانٹس یا مشینری اور ایسی فیکٹریز یا آفس یا کمرشل یا صنعتی عمارات یا کمرل کمپلیکسز کے سامان اور ایویئرز، اسکیلٹرز، ٹنکیاں اور گودام کو، پر جس میں شامل نہ ہو ایسی خدمات جو زراعات، اینمل ہسبنڈری اور ڈیری فارملنگ سے منسلک ہوں۔"

(h) شق (۶۷) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی، یعنی

"(67A) پروڈکشن ہاؤس" سے مراد ایک شخص یا پروگرام بتانے والی اسٹبلشمنٹ یا پروگرامز کی پیداوار کے سلسلے میں مختلف خدمات، سہولیات، یوٹیلٹیز یا فوائد فراہم کرنا یا پیش کیش کرنا؛

(677B) "پروگرام" کو آڈیو یا وڈیو مواد، کے ذریعے، یا ریکارڈ شدہ، جو الیکٹرومگینٹک ویوز کی ٹرانسمیشن کے ذریعے اپیس یا عام عوام کی طرف سے واسطہ یا بالواسطہ کیبلز کے ذریعے کیبلز ٹیلی کمیونکیشن یا ریلی اسٹیشن

میڈیم کے ذریعے پہچانے کا ارادہ ہو؛

"(67C) "پروگرام پروڈیوسر" سے مراد ایک شخص جو کسی دوسرے شخص کی طرف سے یا اس کے لیئے ایک پروگرام پرڈیوس کرے؛

"(67D) "پراپرٹی ڈیلر" جسے ان میں سے کسی بھی نام سے پکارا جائے، جیسے ایک، شخص جو واسطہ یا بالواسطہ کسی بھی طریقے رئیل اسٹیٹ کی خرید و فروخت، لیزنگ، کرائے پر دینے، نظر داری، مینٹننس، مارکیٹنگ، حاصلات یا انتظام سے متعلق خدمات فراہم کرتا ہو پیش کش کرتا ہو، اور جس میں شامل ہے ایک رئیلیٹر، ایک رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ ؛"

(i) شق (69) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی، یعنی؛

(69-A) "رئیل اسٹیٹ" سے مراد زمین اور جس میں شامل ہے؛

اور جس میں شامل ہے؛

(i) زمین کی اندرونی اور بیرونی تمام اٹیچمنٹس؛

(ii) تمام اشیاء جو زمین کو قدرتی طور پر جوڑ دیں؛

(iii) تمام اشیاء جن کو بڑھایا یا لگایا گیا ہے؛

بشمول عمارتوں اور سائیٹ امپرومینٹس کے؛ اور

(iv) تمام مستقل عمارتیں اٹیچمنٹس مثلاً پلمنگ، گرم اور ٹھنڈے رکھنے کا نظام، بجلی کی وائرنگ اور بلٹ اان آئٹمز مثلاً ایلویٹرز اور ملحقہ سامان اور اس سلسلے میں تمام حقوق اور فواعد، پھر چاہے وہ فواعد فری ہولڈ ہوں یا سیز ہولڈ ہوں اور پھر ان کے استعمال کا مقصد رہائش کے لیئے ہوں، کمرشل یا انڈسٹریل؛

(69B) "ریکروٹنگ ایجنٹ" کسی بھی نام سے پکارا جائے، جس میں شامل ہے ریکروٹنگ کنسلٹنس یا کنسلٹنسی اور اس سے مراد ایک شخص جو واسطہ یا بالواسطہ کسی شخص کو کسی بھی معاملے میں عارضی طور یا دوسرے طریقے میں

پاور کی بھرتی کے لیئے کسی طریقے کی کوئی خدمت فراہم کر رہا ہو یا پیشکش کر رہا ہوں؛

وضاحت: اس شق کے مقصد کے لیئے "بھرتی" جس میں شامل ہے بھرتی کے لیئے درخواستیں منگوانا، امیدواروں سے درخواستیں وصول کرنا، انٹرویو سے پہلے یا بھرتی سے پہلے درخواست گذار امیدوارں کی اسکریننگ، درخواست گذاروں کو شارٹ لسٹ کرنا، امیدواروں کی کریڈ نشلز اور انٹیسیڈنٹس کی تصدیق، امیدواروں کی طرف سے جمع کرائے گئے دستاویزات کی انیسٹسنی کی تصدیق کرنا؛

(69C) "کسی مسئلے کے لیئے "رجسٹرار" سے مراد ایک شخص جو سیکیورٹیز کے متعلق مسئلے بشمول سرمایہ کارواں سے درخواست فارم جمع کرنا، درخواستوں کا ریکارڈ رکھنا اور سرمایہ کاروں سے حاصل کی گئی رقم یا سیکیورٹیز کے سیلر کو ادا کی گئی رقم کار ریکارڈ رکھنا، سیکیورٹیز کی الاٹمنٹ کا بنیاد کرنے میں مدد کرنا، سیکیورٹیز کی الاٹمنٹ کے لیئے گنوائے گئے افراد کی حتمی فہرست بنانا اور الاٹمنٹ لیٹرز کی پروسیسنگ اور ڈسپیچنگ، ری فنڈز آرڈز یا سرٹیکفیٹ اور دوسرے منسلک دستاویزات کا ریکارڈر کھنا۔"

(i) شق (۷۲) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی، یعنی۔

"(72A) "رینٹ آ کار اور آٹو موبائل رینٹل سروس" سے مراد ایک اور شخص کی طرف سے واسطہ یا بالواسطہ کرائے پر کاریں، کیبز، وینز یا کوئی پسینجرز موٹر گاڑی کی معاشی سرگرمی کے لیئے فراہم کی جانے والی خدمات یا پیشکش کی جانے والی خدمات"؛

(k) شق (۷۷) کے بعد مندرجہ ذیل شق شامل کی جائے گی، یعنی؛

"(77A) "سیکیورٹیز" سے یہاں وہی مراد ہے جو اسے سیکیورٹیز اور ایکسچینج

آرڈیننس 1969 (1969 کے آرڈیننس نمبر XVII) کی دفعہ ۲ کی ذیلی دفعہ (1) کی شقوں (d) اور (L) میں دی گئی ہے۔"

(l) شق (۷۹) کے بعد مندرجہ ذیل شق شامل کی جائے گی، یعنی؛

"(79A) "شیئر ٹرانسفر ایجنٹ" سے مراد ایک شخص جو سیکیورٹیز رکھنے والوں کے ریکارڈ کو سنبھالنے اور سیکیورٹیز کی منتقلی یا ریڈیمیشن سے متعلقہ تمام معاملات کو دیکھنا یا اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو دیکھنے؛

**(m)** شق (۹۴) میں ذیلی شق (C) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا؛

"(e) دفعہ ۱۶ کے تحت جمع کی گئی ٹیکس کی رقم ادا کرنے میں ناکامی پر اور دفعہ ۱۳ کی ذیلی دفعہ (۲) کی گنجائشوں کے تحت یا اس سلسلے میں بنائے گئے قواعد کے تحت لگائے گئے ٹیکس کی رقم ادا کرنے میں ناکامی پر یا (f) ٹیکس ادائیگی کی کم ادائیگی یا ٹیکس کریڈٹ کے بیان کیئے گئے سے زائد یا ناقابل قبول ٹیکس کریڈٹ ایڈجسٹمنٹ یا دعویٰ کرنے یا حاصل کرنے، ری فنڈ یا ایڈجسٹمنٹ؛ یا

(g) بیان شدہ ٹیکس ریٹرن نہ بھرنے یا مسلسل چار مہینوں یا زائد کے لیئے بیان کی گئی اسٹیٹمنٹ:"

(n) شق (۹۶) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی، یعنی:

"(96A) "فنی سائنسی اور انجنیئرنگ کنسلٹنس" سے مراد ایک شخص جو واسطہ یا بالواسطہ کسی شخص کو کسی بھی طریقے کے فنی، سائنسی اور انجنیئرنگ خدمت، مشورہ کنسلٹنسی مدد یا سپر ویژن دے رہا ہو یا پیش کش کر رہا ہو، ٹیکنالاجی، سائنس اور انجنیئرنگ کے ایک یا اس سے زائد معاملات میں اور جس میں شامل ہے ایک شخص جو پاکستان انجنیئرنگ کائونسل ایکٹ، ۱۹۷۵ (۱۹۷۶ کے ایکٹ نمبر V) کے تحت کنسلٹنگ انجنیئر یا پروفیشل انجنیئر کے طور پر جانا جاتا ہو یا سندھ بلڈنگ کنٹرول آرڈیننس ۱۹۷۹ (۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس نمبر

V) کے تحت تعمیراتی انجینئر کے طور پر جانا جائے گا۔

(96B) "فنی جانچ اور چھان بین" سے مراد سے خدمت جو طبی، کیمیائی، حیاتیاتی یا کوئی دوسری سائنسی اشیاء یا سامان یا انفارمیشن ٹیکنالاجی سافٹ ویئر یا کسی غیر منقولا ملکیت کی جانچ پڑتال یا چھان بین کے لیئے فراہم کرے یا پیش کش کی جاتی ہو، جس میں شامل ہے ادویات، فارما سوٹیکلز اور فارمولیشنز کی لٹسنگ اور چھان بین کے لیئے کلنیکل ٹیسٹنگ، لیکن جس میں شامل نہ ہوگی انسان ذات یا جانوروں کے سلسلے میں فراہم کی جانے والی کوئی جانچ پڑتال یا چھان بین کی خدمت"؛ اور

(o) شق (98) کے بعد مندرجہ ذیل شقیں شامل کی جائیں گی، یعنی:

"(98A) ٹوئر آپریٹر" سے مراد ایک شخص جو منصوبہ بندی، شیڈولنگ، آرگنائزنگ یا ٹوئر کا انتظام کرنا یا پیکیج ٹوئرز کا انتظام کرنا یا پیکیج ٹوئرز کے متعلق خدمات فراہم کرے یا پیش کش کر رہا ہو (جس میں شامل ہے) رہائش، نظارے دیکھنا، سیاحت یا پاکستان میں بیرون ملک میں اسی قسم کی دوسری خدمات کا انتظام، کسی بھی قسم کی ٹرانسپہرٹ کے ذریعے اور جس میں شامل ہے ایک شخص جو ٹوئرز کا انتظام کرنے میں تجارتی یا معاشی سرگرمی میں مصروف ہو۔

وضاحت: اس شق کے مقصد کے لیئے اظہار "ٹوئر" میں شامل ہے ایسا سفر جو کسی تعلیمی ادارے کی طرف سے آرگنائز کیا گیا ہو یا انتظام کیا گیا ہو سوائے کسی کمرسل، تربیتی یا کوچنگ سینٹر کے، جس کی طرف سے ہنر یا معلومات یا کسی مضمون یا شعبے کے متعلق اسباق کے لیئے انتظام کیا گیا ہو:"

(ii) دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۴) میں الفاظ "حکومت کی منظوری سے اور" کو ختم کیا جائے گا؛

(iii) دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (1) میں الفاظ "لگاتار یا مستقل طور" کو ختم کیا

جائے گا؛

(iv) دفعہ ۹ کی ذیلی دفعہ (۳) میں الفاظ بورڈ، حکومت کی منظوری سے، کے لفظ بورڈ، "بورڈ" کو متبادل بنایا جائے گا؛

(v) دفعہ ۱۵ میں:

(a) الفاظ اور کاما "بورڈ کر سکتا ہے" کے بعد لفظ اور کاما "سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اور" شامل کیا جائیں گے؛ اور

(b) الفاظ "اور حکومت کی منظوری سے" کو ختم کیا جائے گا؛

(vi) دفعہ ۱۷ کی ذیلی دفعہ (1) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا؛

(j) ایک شخص کی طرف سے ٹیکس کے عرصے کے دوراں فراہم کی گئی یا پیش کش کی گئی یا پیش کش کی گئی ٹیکس لائق خدمت کے سلسلے میں ٹیکس، ادائیگی کے لیئے بیان کردہ مقرر تاریخ کے دوراں ادا کی جائے گی"؛

(vii) دفعہ ۲۳ کی ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "تیس دن سے زائد نہیں" کو ختم کیا جائے گا؛

(viii) دفعہ ۲۶ میں؛

(a) ذیلی دفعہ (1) میں، لفظ "اردو" کے بعد لفظ یا "سندھی" شامل کیا جائے گا؛ اور

(b) ذیلی دفعہ (۵) میں؛

(i) عدد اور کاما "۱۹۸۴" کے بعد لفظ اور کاما "یا وقتی طور لاگو کسی دوسرے قانون کے تحت" کا اضافہ کیا جائے گا؛ اور

(ii) الفاظ "سالانہ آڈٹ شدہ اکائونٹ کی نقل مطلوب ہو گا" کے لفظ "آڈیٹرز کی آڈٹ رپورٹ والی تاریخ کے ۶۰ دکن کے

اندر اسسٹنٹ کمشنر کو سالانہ آڈٹ شدہ اکائونٹس کی پرنٹ شدہ نقول جمع کرانا" متبادل بنایا جائے گا؛

(ix) دفعہ ۳۶ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (a) میں، الفاظ "کمشنر، ایس آر بی" کے بعد لفظ "یا ایک کمشنر اپیلز ایس آر بی شامل کییئے جائیں گے؛"

(x) دفعہ ۴۳ کی ٹیبل میں؛

(a) کالم (۲) میں، "عدد 5،000 جہاں جہاں آئے، عدد 10،000 "کو متبادل بنایا جائے گا؛

(b) کالم (۲)، الفاظ "تین فیصد" جہاں آئے، لفظ "پانچ فیصد" کو متبادل بنایا جائے گا؛

(c) کالم (۲) میں داخلائوں کے لییئے جریان نمبر ۲ کے سامنے، مندرجہ ذیل متبادل ہو گا؛

(cc) کسی صورت میں درخواست گذار دفعہ ٦٧ یا دفعہ ٧٠ کی شرائط کے مطابق ایجنٹ یا بااختیار بنائے گئے نمائندے کے ذریعے پیش ہونے کا خواہشمند ہو تو اس کے پاس بااختیار بنانے کا لیٹر ہونا چاہیے، جیسا کہ بیان کیا گیاہو؛

(iii) ذیلی دفعہ (۳)؛

(a) شق (i) میں لفظ "ایک" کے لییئے لفظ "دو" متبادل ہو گا؛

(b) شق (ii) میں لفظ "دو سو" کے لییئے لفظ "ایک ہزار" متبادل ہو گا؛

(iii) ذیلی دفعہ (۴) کے لییئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا؛

(۴) اس دفعہ کے تحت کمشنر (اپیلز) کو اس تاریخ کے تیس دن کے اندر بھیجی جائے گی، جس تاریخ پر اپیلیٹ پر حکم یا فیصلہ سنایا جائے گا؛

(xiv) دفعہ ۵۹ میں؛

(a) ذیلی دفعہ (۵) میں بریکٹ اور عدد "(3) کے لیئے بریکٹس اور عدد (1) متبادل ہو گا؛"

(b) ذیلی دفعہ (۶) میں، الفاظ "تیس دن سے زائد نہیں" ختم کیا جائے گا؛ اور

(c) ذیلی دفعہ (۷) اور (۸) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا؛

(۷) جہاں کمشنر (اپیلز) ذیلی دفعہ (1) کے تحت حکم جاری کیا ہو، ذیلی دفعہ ۵ کے تحت ذیلی دفعہ (۵) کے تحت بیان شدہ معیار ختم ہونے سے پہلے، ذیلی دفعہ (۵) کے تحت بیان شدہ معیاد ختم ہونے سے پہلے، ذیلی دفعہ (۶) کے ساتھ پڑھیں، کمشنر (اپیلز) غیر طے شدہ اپیل اپیلیٹ ٹربیونل کی طرف منتقل کرے گا، غیر طے کے حکم کے خلاف فائل کی گئی ہو؛

بشر طیکہ غیر طے شدہ اپیل اپیلیٹ ٹربیونل کی طرف منتقل کرتے وقت، کمشنر اپیلز اس سلسلے میں اپیلینٹ اور ایجنٹ یا مجاز نمائندے اور بورڈ کے چیئرمین کو ایک مقرر وقت دے گا۔

۸. غیر طے شدہ اپیل اپیلیٹ ٹربیونل کی طرف منتقل کرتے وقت (اپیلز) ایک رپورٹ ساتھ لگائے گا جس میں حالات اور اسباب بیان کئے گئے وہنگے، جن اسباب کی وجہ اپیل پر مقررہ وقت کے دوراں فیصلہ نہ ہو سکا ہے؛"

(XV) دفعہ ۶۰ میں؛

(a) لفظ "اکائونٹنٹ میمبر" جہاں بھی آئے لفظ "ٹیکنیکل میمبر" متبادل ہو گا؛

(b) ذیلی دفعہ (۳) میں، شق (a) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا؛

(a) جو ہائی کورٹ کا جج ہے یا رہ چکا ہو یا ڈسٹرکٹ اور سیشن کورٹ ہے یا رہ چکا ہو، ڈسٹرکٹ اور بطور سیشن جج کم از کم دو سالوں کی سروس ہو؛" اور

(c) ذیلی دفعہ (۵) میں الفاظ "تین سال" کے لیئے لفظ "پانچ سال" متبادل ہو گا؛

(xvi) دفعہ ۶۱ میں؛

(a) ذیلی دفعہ (1) میں، الفاظ "طرف سے منظور شدہ" کے بعد لفظ اور عدد "دفعہ ۵۵ کے تحت کمشنر شامل کیئے جائیں گے؛" اور

(b) ذیلی دفعہ، (۲) میں؛

(i) شق (b) کے بعد مندرجہ ذیل شق شامل کی جائے گی، یعنی؛

"(bb) اس صورت میں جب اپیلنٹ دفعہ ۶۷ یا دفعہ ۷۰ کی شرائط کے مطابق ایجنٹ یا مجاز نمائندوں کے ذریعے پیش ہونا چاہیے، اس کے پاس بااختیار ہونے کا لیٹر ہونا چاہیے، جیسا بیان کیا گیا ہو؛ اور"

(ii) شق (d) میں الفاظ "کا حکم" کے بعد لفظ کمشنر یا بورڈ یا "شامل" کیئے جائیں گے؛

(xvii) دفعہ ۷۲ کی ذیلی دفعہ (1) میں الفاظ "حکومت کی منظوری سے" لفظ "سرکاری گزٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے" شامل کیئے جائیں گے؛

(xviii) دفعہ ۸۳ کی ذیلی دفعہ (۳) میں عدد "1" کے بعد لفظ منسوخ کیئے گئے آرڈیننس کا "شامل کیئے جائیں گے"؛

(xix) عنوان "پہلا شیڈول" مندرجہ ذیل بریکٹس اور اعداد "(۳۵)" کے لیئے بریکٹس اور عدد "(۷۹)" متبادل ہو گا؛

(xx) دوسرے شیڈول میں، ٹیبل کے حصے B میں؛

(a) کالم (۳) میں عدد "۱۶ فی صد" جہاں بھی آئے عدد "۱۵ فیصد" متبادل ہو گا؛

(b) کالم (۱) میں ٹیرف ہیڈنگ کے سامنے "9802.4000؛" کالم (۲) میں، کاما اور لفظ کلاسیفائیڈ اشتہارات کے علاوہ" ختم کیا جائے گا؛

(c) کالم (1) میں ٹیرف ہیڈنگ "9805.4000 ؛" کے بعد اور سامنے کلام (۲) اور (۳) میں داخلائوں ے کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

"9805.5100" ٹوئر آپریٹرز ۱۵ فیصد؛

(d) کالم (1) میں ٹیرف ہیڈنگ "9805.8000" کے بعد اور اس کے سامنے کالم (۲) اور (۳) میں مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

"9805.9000 شیئر ایجنٹس منتقلی ۱۵ فیصد؛"

(e) کالم (1) میں، ٹیرف ہیڈنگ "9805.9200" کے بعد اور کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| | خرید و فروخت اور کرائے پر لینے کے سلسلے میں فراہم کردہ یا پیش کیش فراہم کردہ خدمات؛ | |
| 9806.1000 | غیر منقولہ جائیداد کی خرید و | ۱۵ فی صد |

| | | |
|---|---|---|
| | فروخت اور کرائے پر لینا | |
| 9806.2000 | پراپرٹی ڈیلرز | ۱۵فی صد |
| 9806.3000 | کار یا آٹو موبائیلز ڈیلرز | ۱۵فیصد؛ |

(f) کالم (1) میں ٹیرف ہیڈنگ اور کالم داخلائوں کے "9810.000" مندرجہ (۲) اور سامنے ذیل کو شامل (۳) میں کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| 9811.000 | لانڈریز اور کلینرز کی طرف سے فراہم کی جانے والی اور پیش کش کی جانے والی خدمات | ۱۵فیصد |

(g) کالم (1) میں ٹیرف ہیڈنگ "9814.3000" کے بعد اور کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| 9814.9000 | انٹر یئر ڈیکوریئر | ۱۵فیصد؛" |

(h) کالم (1) میں ٹریف ہیڈنگ "9815.4000" کے بعد اور کالم (2) اور (3) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| 9815.5000 | فنی، سائنسی اور انجنیئرنگ کنلسٹنس ا | ۱۵فیصد؛" |

(i) کالم نمبر (1) میں ٹیرف ہیڈنگ "9819.2000" کے بعد اور

کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل

| | | |
|---|---|---|
| 9819.3000 | رینٹ آ کار اور اٹو موبائیل رینٹ سروس | ۱۵فیصد؛" |

کیا جائے گا؛

(j) کالم (1) میں ٹیرف ہیڈنگ 9819.7000 کے بعد اور کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| 9819.9000 | کیبل ٹی وی آپریٹرز | ۱۵فیصد؛" |

(k) کالم (1) میں، ٹیرف ہیڈنگ 9819.9300 کے بعد اور کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| 9819.9400 | ٹیکنیکل ٹیسٹنگ اور اینالسیز سروس | ۱۵فیصد؛" |
| 9819.9500 | رجسٹرار کی طرف سے مہیا کردہ یا کسی معاملے پر پیش کردہ خدمات | ۱۵فیصد؛" |

(l) کالم (1) میں ٹیرف ہیڈنگ 9820.2000 کے بعد اور کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا:-

| | | |
|---|---|---|
| 9820.3000 | الیکٹرک یا الیکٹرانک سامان یا اوزار وغیرہ کے لیئے ورکشاپس، بشمول کمپیوٹر ہارڈویئر کے | ۱۵فیصد؛" |
| 820.4000 | کار یا آٹو موبائل واشنگ یا اسی قسم کی سروس اسٹیشنز | ۱۵فیصد؛" |

(m) کالم (1) میں، ٹیرف ہیڈنگ 9821.5000 کے بعد اور کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے، مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| 98.22 | مخصوص مقاصد کے لیئے فراہم کی جانے والی اور پیش کی جانے والی خدمات | |
| 9822.1000 | فیومگیشن سروسز | ۱۵فیصد؛" |
| 9822.2000 | مینٹنس اور کلیننگ سروسز | ۱۵فیصد؛" |
| 9822.3000 | جانٹیوریل سروسز | ۱۵فیصد؛" اور |

(n) کالم نمبر (1) میں، ٹیرف ہیڈنگ 9831.1000 اور کالم (۲) اور (۳) میں داخلائوں کے سامنے مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا؛

| | | |
|---|---|---|
| 9832.0000 | پرہوگرام پروڈیوسرز اور پروڈکشن ہائوسز کی طرف سے فراہم کی جانے والی اور پیش کی جانے والی خدمات کارپوریٹ کے لیئے کنسلٹنٹ کی طرف سے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی خدمات | ۱۵فیصد؛" |
| 9833.0000 | کارپوریٹ کے لیئے کنسلٹنٹ کی طرف سے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی خدمات | ۱۵فیصد؛" |
| 9834.0000 | فیشن ڈیزائرز کی طرف سے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی خدمات | ۱۵فیصد؛" |
| 9835.0000 | کال سینٹرز کی طرف سے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے | ۱۵فیصد؛" |

| | | |
|---|---|---|
| | والی خدمات | |
| 9896.0000 | انٹر سٹی ٹرانسپورٹیشن یا روڈ یا پائپ لائن یا کنڈیٹ کے ذریعے اشیاء کی کیرتیج سے متعلقہ شخص کی طرف سے فراہم کی جانے والی یا پیش کی جانے والی خدمات۔ | ۱۵ فیصد؛" |

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**